مدیر کے نام

عرفان جعفر خان، لاہور

نیا سرورق بامعنی اور سادہ ہے، تاہم مزید جدت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ مولانا مودودیؒ کا سورۂ ذاریات کا درسِ قرآن (جنوری ۲۰۱۶ء) بہت مفید ہے۔ بڑے مؤثر اسلوب میں آخرت کے برپا ہونے کے لیے عقلی دلائل فراہم کیے گئے ہیں اور انسانی ذہن میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو دُور کیا گیا ہے۔ 'عہدنبویؐ میں ا مدینہ کا شہری نظام' میں نبی کریمؐ کے اسوہ کا منفرد پہلو سامنے آیا۔ شہروں و بلدیاتی سطح پر درپیش مسائل کے حل کے لیے اہم خطوط کی طرف راہ نمائی کی گئی ہے۔

محمد فیصل، کراچی

'تحریکِ اسلامی اور علم دوست معاشرہ' (جنوری ۲۰۱۶ء) عمدہ اور جامع تحریر ہے۔ اس موضوع پر مزید تحریریں دینا مفید ہوگا۔ ماضی میں جس طرح تحریک اسلامی نے اسلامی مکتبوں کے قیام اور گھر گھر پہنچ کر انفرادی رابطوں، گفتگوؤں اور دعوتی کتابچوں کے ذریعے اسلامی تعلیمات کو عام کیا اور لوگوں میں ذوقِ مطالعہ کو پروان چڑھایا، آج بھی اسی جذبے سے اسلام کی روایتِ علم کو آگے بڑھانے اور مطالعے کے رجحان کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

محمد ایاز عمر، لاہور

'لبرل ازم، کیا ہے اور کیا نہیں؟' (جنوری ۲۰۱۶ء) کے تحت لبرل ازم کے اصول و مبادی کا محاکمانہ وتنقیدی جائزہ پیش کیا گیا ہے اور اس کے اثرات ومضمرات کا احاطہ کیا گیا ہے جو وقت کی اہم ضرورت کو پورا کرتا ہے۔

فاروق ناطق، لاہور

'لبرل ازم، کیا ہے اور کیا نہیں؟' (جنوری ۲۰۱۶ء) اپنے موضوع پر جامع تحریر ہے اور لبرل ازم اور سیکولرازم، نیز اس کے بارے میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ تاہم اسلوب فلسفیانہ ہے، اسے مزید سہل بنانے کی ضرورت تھی۔